متحدہ قومی موومنٹ نے کراچی، حیدرآباد اور سندھ بھر کے کشمیری خاندانوں کیلئے سری نگر بس سروس کے ذریعے مقبوضہ جموں وکشمیر جانے کیلئے انٹری فارم کی فراہمی اور رہنمائی کا بندوبست کر دیا

کراچی۔۔۔3 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر متحدہ قومی موومنٹ نے کراچی اور حیدرآباد سمیت سندھ بھر میں مقیم ایسے کشمیری خاندانوں کیلئے جو سری نگر بس سروس کے ذریعے مقبوضہ جموں وکشمیر جانا چاہتے ہیں ان کیلئے متعلقہ انٹری فارم کی فراہمی کے ساتھ مکمل رہنمائی کا انتظام کر دیا گیا ہے جس کے تحت نہ صرف فارم فراہم کیے جائیں گے بلکہ یہ یہاں پُر کرنے کے بعد جمع بھی ہوسکیں گے جو بعدازاں مظفرآباد میں متعلقہ افراد کو ارسال بھی کر دیئے جائیں گے۔اس سلسلے میں کشمیر قانون ساز اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن سلیم بٹ سے متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد کراچی میں کسی بھی جمعے کے روز شام ساڑھے چھ بجے سے رات نو بجے تک رابطہ کیا جاسکتا ہے۔واضح رہے کہ اس سے قبل سندھ بھر میں مقیم کشمیری خاندانوں کو بذریعہ بس مقبوضہ جموں وکشمیر جانے کیلئے فارم کی وصولی ودیگر ضروری معاملات نمٹانے کیلئے مظفرآباد جانا لازمی ہوتا تھا لیکن اب متحدہ قومی موومنٹ کے اس انتظام واقدام سے جہاں کشمیری خاندانوں کا قیمتی وقت بچ سکے گا وہاں وہ مظفرآباد تک سفر کرنے پر خرچ ہونیوالے ہزاروں روپے اخراجات سے بھی بچ سکیں گے اور انہیں بغیر کسی مشکل کے با آسانی فارم فراہم کیا جائے گا اور ضرورت پڑھنے پر فارم پُر بھی کیے جائیں گے اور ان کی مکمل رہنمائی بھی کی جائے گی۔

محترمہ نور جہاں اور محمد حیات کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔3 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نائن زیرو پر خدمات انجام دینے والے ایم کیو ایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 49 کے کارکن ماجد کی والدہ محترمہ نور جہاں اور ایم کیو ایم گڈاپ ٹاؤن کے کارکن عاشق حسین کے صاحبزادے محمد حیات کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

صوبہ سرحد میں خواتین کیلئے موبائل فون حرام قرار دینے کا فتویٰ جاری کرنے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، اراکین سندھ اسمبلی موبائل فون کا استعمال خواتین کیلئے حرام قرار دینے کا فتویٰ انتہاء پسندانہ ذہنیت کا ساختشانہ ہے

کراچی۔۔۔3 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صوبہ سرحد میں خواتین کے لئے موبائل فون کا استعمال حرام قرار دینے کے علماء کے فتویٰ پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ صوبہ سرحد میں خواتین کے بنیادی حقوق کی پامالی اور ان کیلئے انتہاء پسندانہ قوانین کا فی الفور خاتمہ کیا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے کہا کہ نام نہاد سول سوسائٹی، وکلاء تنظیمیں اور سیاسی و مذہبی جماعتیں خواتین کے بنیادی حقوق کے علمبردار بنتے ہیں لیکن انہیں صوبہ سرحد میں انتہاء پسندانہ قوانین جو خواتین پر لاگو ہیں دکھائی نہیں دیتے۔انہوں نے کہا کہ سرحد میں علماء نے خواتین کیلئے موبائل فون حرام قرار دینے کا فتویٰ انتہاء پسندانہ ذہنیت کا شاخسانہ ہے جس پر ہر باشعور اور مہذب معاشرے میں رہنے والے افراد کا تشویش میں مبتلا ہونا فطری امر ہے۔انہوں نے کہا کہ جس ملک میں خواتین کے ساتھ ایسا انتہاء پسندانہ رویہ اختیار رکھا جائے اور انہیں بنیادی سہولیات سے محروم رکھا جائے تو ایسے ملک کی آئندہ نسل کس طرح سے باشعور ہوسکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم خواتین کو ہر شعبے میں برابری کی بنیاد پر جائز حقوق دلانا چاہتی ہے اور اس کیلئے عملی جدوجہد بھی کر رہی ہے اور انشاء اللہ ایم کیو ایم کی حق پرستانہ انقلابی تحریک ملک بھر میں خواتین کے خلاف ناجائز اور انتہاء پسندانہ قوانین کے خلاف عملی طور پر نہ صرف آواز بلند کرتی رہے گی بلکہ اس کیلئے ہر سطح پر جدوجہد بھی جاری رکھے گی۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدر مملکت جنرل پرویز مشرف اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ نام نہاد علماء کرام کی جانب

سے خواتین کیلئے موبائل فون کے استعمال کو حرام قرار دینے کے فتویٰ کا سختی سے نوٹس لیا جائے، خواتین کے ساتھ امتیازی قوانین کرنے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے اور خواتین کو ہر شعبے میں برابری کی بنیاد پر جائز حصہ دینے کیلئے مثبت اور عملی اقدامات کئے جائیں۔

آزادیِ صحافت کے دن کے موقع پر فیصل سبزواری کا کراچی پریس کلب کا دورہ

کراچی۔۔۔3 مئی 2008ء

آزادی صحافت کے دن کے موقع پر صوبائی وزیر سید فیصل علی سبزواری نے کراچی پریس کلب کا دورہ کیا اس موقع پر نجی چینل کے شہید کیمرہ مین عارف اور صحافی منیر سانگی کے لواحقین سے ملاقات کی اور ان سے دلی تعزت و ہمدری کا اظہار کیا اور انہیں اپنی جانب سے ہر قسم کے تعاون کا یقین دلایا۔ فیصل علی سبزواری نے صحافتی برداری کو اس بات کا یقین دلایا کے متحدہ قومی موومنٹ آزادیِ صحافت پر نہ صرف یقین رکھتی ہے بلکہ بھرپور اہمی ہے اور ایم کیو ایم صحافتی برداری کے مسائل حل اور ان کے جائز حقوق کیلئے آواز بلند کرتی رہے گئی۔

☆☆☆☆☆